# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
### (شعبہ قرآن و تفسیر)

## وارننگ

عزیز طلبہ!

آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی "مواد چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

فقہ القرآن II (4618) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ سکیں جس کا ذمہ دار طالبِ علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر 1

کل نمبر:100 (یونٹ نمبر: 1تا5) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ کسب حلال کی صورتیں اور کسب حلال کے فضائل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ خرید وفروخت میں شرط عائد کرنے کی صورتیں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مہر، وجوب نفقہ اور ولایت کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ نکاح وطلاق کی حکمتیں بیان کیجئے نیز ظہار کی شرعی حیثیت پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ قسم سے کیا مراد ہے نیز قسم کی اقسام اور کفارہ سے متعلق شرعی احکام تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر:100 (یونٹ نمبر:6تا9) کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر 1۔ شرعی ذبح کے احکام ومسائل بیان کیجیے نیز شکاری جانور کے ذریعے شکار شدہ جانور کے حلال ہونے کی شرائط بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ وصیت کی تعریف بیان کیجئے نیز موصی بہ کی شرائط تفصیلاً تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ اسلام کے قانون وراثت کی اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔ نیز وراثت پانے کے اسباب، شرائط اور مواقع کے احکام تفصیلاً قلمبند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ جرم وسزا کا اسلامی تصور بیان کیجئے نیز اسلام میں سزاؤں کی اقسام قلم بند کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ قصاص، دیت، کفارہ اور تعزیر کی سزا کے شرعی احکام بیان کیجئے۔ (20)